قولہ فَأَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَاضِيَةٍ کہ مصنف بن براء وکی تین ہزار سات سی برس
ہوتی ہیں کلی اوس سی پہر عبارت نزلت هذه الآية في المرتضى مولانا ومولينا ومولى الأمم
۲۸۷ ۱۲۲ ۱۴۷ ۹۹

آياتها ۸ كلماتها ۲۸ سورة التكاثر مكية حروفها ۱۲۰ ركوعها ۱

سورہ التکاثر مکی ہیں اوتری

بسم الله الرحمن الرحيم

شروع کرتا ہوں ساتھ نام خدای رحمن رحیم کے

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ○ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ○ كَلَّا سَوْفَ
مشغول کیا تمکو تکاثر قبائل اور عشائر نی تا اینکہ زیارت کی تمنی گورستان کے قسم خدا کی قریب ہی
تَعْلَمُوْنَ ○ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ
کہ جانوگی تم بعد اسکی قسم خدا کی قریب ہی کہ جانوگی تم قسم خدا کی اگر جانو تم
عِلْمَ الْيَقِيْنِ ○ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ○ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ
جاننی یقین کر ہرآینہ دیکھوگی تم دوزخ کو بعد اسکی ہرآینہ دیکھوگی تم اوسکو دیکھنی
الْيَقِيْنِ ○ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ○ ع
یقین کے بعد اسکی ہرآینہ سوال کیی جاؤگی تم اوس دن نعمات سی کہ دنیامین تمکو ملی ہین

ابی بن کعب نی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ سی روایت کی ہی کہ جو اس سورہ کو پڑہی حق تعالی
حساب نکریگا اوس نعمت کا کہ بیچ دنیا کی اوپر اوسکی انعام کیا ہوا اور ثواب اوس شخص کا
کہ مثل ہزار آیت ہو بیچ نامہ اوسکی ثبت کریگا اور ابو عبد اللہ علیہ السلام سی منقول
کہ جو سورہ الہکم التکاثر کو بیچ فریضہ کی قرات کری حق تعالی ثواب شہید کا اوسکی
واسطی لکہی گا اور اگر نافلہ مین پڑہی مثل پچاس شہید کا اور چالیس صف ملائکہ کی بیچ نماز
فریضہ کی ساتہہ اوسکی نماز پڑہین اور بہی ابو عبد اللہ علیہ السلام نی منقول ہی کہ جو اس سورہ
بیچ خواب کی پڑہی فتنہ قبر سی محفوظ ہو اور ابو امامہ نی جناب سالتپناہ صلی اللہ علیہ
وآلہ سی نقل کی ہی کہ پڑہنی والی اس سورہ کو بیحساب بیچ بہشت کی لیجاوین گی اور
روایات صحیحہ مین ثابت ہوا کہ جو دو رکعت نماز پڑہی اور بیچ اول کی فاتحہ اور
آیۃ الکرسی یکبار اور قل ہو اللہ احد دس بار اور دوسری رکعت مین یکبار فاتحہ

اور پانچ دفعہ الہکم التکاثر اور اس نماز کو بدرجہ ثواب میت کی بہیجی اور بعد اسکی کہی اللہم صل
علی محمد وال محمد وابعث ثوابہا الی قبر فلان حق تعالی ہزار فرشتہ بیچ قبر اوسکی
کی بہیجتا ہی کہ یہہ نماز واسطی اوسکی پڑہتی ہین اور ساتہہ ہر فرشتہ کی ایک ثواب اور علم ہو
اور قبر اوسکی کو فراخ کرتی ہین روز نفخ صور تک اور بعد اوسکی کہ ثواب اوس میت کو ہو
او پر اوسکی مصلی کو حسنات دیتی ہین دو ہزار درجہ واسطی اوسکی بلند ہوتی ہین
مقاتل سی اور کلبی سی منقول ہی کہ ابن عبد مناف بن قصی جنی سہم بن عمرو کیطرف
کرتی تہی ساتہہ کثرت قبیلہ کی اور ہر ایک کہتی تہی کہ ہم زیادہ ہین اور سادات اور
اشراف درمیان ہماری زیادہ تر ہین جب گنتی لوگونکی ہوئی عبد مناف غالب ہوئے
بنی سہم نی کہا بہت آدمی ہماری بیچ جاہلیت کی ماری گئی مردہ زندہ ملا کی گنی جب ان
کا نوقوم بنی سہم ساتہہ تین خانہ وادہ کی زیادہ آئی حق تعالی نی اس سورہ کو نازل
کیا فنا وہی مردہی ہی کہ ہیو دکہتی تہی کہ ہم بنی فلان سی زیادہ ہین علم ور وہ بنی فلانی
اور وہ فلان قبیلہ سی اسی مین مشغول ہی یہانتک کفر وضلالت پر مری حق تعالی
اس سورہ کو بہیجا قولہ الہکم التکاثر یعنی تکاثر اولاد اور زیادتی قبائل وشمار مردگان
مین گرفتار رہی اور ذکر آخرت اور طاعت کو فراموش کیا یہانتک کہ گورستان مین
پہنچی قولہ کلا یعنی ایسا نچاہی کہ غافل ہی جہت مصروف دنیا مین کری اگر خوف
فراموش کری کہ عاقبت اوسکی وبال اور حسرت ہی اور مآل اوسکا تاسف اور ندامت
کلا معنی حقا کی ہی قولہ سوف تعلمون یعنی قریب ہی کہ جانوگی خطای تکاثر اور زیادتی
تفاخر کو اور دیکہہ لیگا وقت موت کی یا وقت بعث اور حشر کی یا علم اول نزدیک موت کی

ہوگا بیچ قبر کی اور دوسرا وقت نشور کی یعنی جسوقت قدم بیچ دروازہ
اور بیچ ساحت قبر کی آویگا شاہد و غذب کریگا اور ہول منکر اور نکیر اور
معلوم کریگا بعد اسکی مبعوث ہوگا اور عرصات قیامت میں اوسکا مہابی
نازو ہی کرہ اور انواع اہوال اور عقوبات دوزخ کو بیچ نظر تمہاری لاوینکی
عذاب اور ہیبت عقابکی پہنچین کی چنانچہ وسطی تنبیہ او مبالغہ تکرار تمام بیچ
کردی اور تخویف بہی کی کہ آپ ہی باز رہو اور عمل آخرت کرو
پس ہر آئینہ پوچہی جاوگی تم بیچ اوس دن کی بوقت محاسبے نعمتونسی کہ بیچ
ہوئی تم اور عبادت سی باہنہ کہینچا یہہ خطاب ہی اوسکی طرف کہ شغل دنیا
باز رکہی اور نعیم مخصوص ساتہہ اوس شاغل منعم کی ہوا امر آخرت سی
اور بالخصوص کہ شیرو کی کہو لیکن قل من حرم زینة اللہ وکلوا من طیبات
حسن سی روایت کی ہی لا یسئل عن النعیم الا اہل الجحیم اور بعضی
میں کہ دونو او پر معنی عموم کی ہیں کہ سبطرح سکو شکر نعمت سی سوال کریگا
معنی یہہ ہی کہ اسی معاشر مکلفان پوچہی جاوگی تم ہر نعمت سی کہ تمکو دی ہی اور یہہ
اکثر مفسرونکا ہی اور قتادہ سی نقل ہی کہ حق تعالی سوال کریگا ہر صاحب نعمت
اوپر اوسکی انعام فرمائی ہی اور سعید بن جبیر سی روایت ہی کہ نعیم اکل اور
اور سوائی سکی لوازمی اور نزدیک عکرمہ کی صحت اور فراغت ہی اور
وہ ہی کہ ابن عباس نی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سی روایت کی ہی کہ دو نعمت
بہت آدمی مغرور ہیں اور قدر اوسکی نہیں جانتی ہیں کہ وہ صحت ہی اور فراغت

ہی اور یہہ ابو جعفر علیہ السلام سی بہی مروی ہی اور بعضی کہتی ہیں کہ ہر نعمت سی سوال نہ ہوگا
مگر وہ کہ حدیث اوسکی مخصوص ہوئی ہو جیساکہ حضرت رسالت پناہ نی فرمایا ہی کہ تین
چیزین ہیں کہ اوس سی سوال نکرینگی ایک خرقہ کہ اوس سی ستر عورت کیا ہو اور
نان بقدر کہ ساتہہ اوسکی گرسنگی اپنی دفع کری اور گہر کہ بیچ اوسکی گرما اور سرما سی
اور نزدیک بعضی کی مراد آب سرد ہی اور بسیار خنک اور اسکی سوائی ہی کہتی
ہیں اور بیچ روایت کی آیا ہی کہ جناب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ نی اس کو تلاوت فرمایا
اور کہا کہ جسکو نان گندم میسر ہوا اور آب سرد اور شکم سیر ہوا کہ بیچ اوسکی
بیچ روز قیامت کی اوسکو اس نعمت سی سوال کرینگی امام محمد باقر اور امام جعفر صادق
صلوات اللہ علیہما سی روایت کی ہی کہ مراد اوس سی نعمت ولایت امیر المومنین کی
مانند نعمت ساتہہ اوسکی ہی جیساکہ اس آیہ کا مضمون ہی الیوم اکملت لکم دینکم
ہی ساتہہ اسناد اونہی کی روایت کی ہی کہ ابو حنیفہ کوفی نی ایک دن آکر
ابو عبد اللہ علیہ السلام سی پوچہا فرمایا ہی نعمان کیا نعمت ہی نزدیک تیری ابو حنیفہ نی کہا
طعام ہی اور آب سرد فرمایا اگر حقتعالی بیچ روز قیامت کی تجکو ہر لقمہ اور شربت پیالی
دنیا ہو تونی سوال کری پس کثیر ہو نا زانو بیچ اوس جگہہ کی ساتہہ طول کی ہوگا کہا یا ابن
رسول اللہ فما النعیم پس نعمت کون سی فرمایا ہم اہلبیت ہیں حقتعالی نی ساتہہ ہماری
انعام فرمایا ہی کہ اوپر بندون کی ساتہہ ہماری الفت بکری وبعد اوسکی کہ مختلف تہی اور
افتراق اور حق تعالی نی ہماری الفت ڈالی بیچ دلہائی اونکی کی اور اونکو بہائی کیا
بعد اسکی کہ دشمن ساتہہ ہماری اونکو دین اسلام کی راہ دکہائی اور یہہ ایک نعمت ہی

منقطع ہوویگی اور خدای تعالی اونکی تئین حق اس نعمت کی ساتہہ اونکی انعام کیا
اونکی سوال کریگا اور بیچ نعت حضرت رسالت پناہ ہی اور عترت طاہرہ اونکی پر
درود اور سلام اور عیون اخبار الرضا مین امام علی بن موسی الرضا سی روایت ہی
اونحضرت نی فرمایا کہ مراد اس نعیم سی بیچ اس آیت کی شربت سرد ہی اور خنک اور
خوش اور نہ طعام پاکیزہ وغیرہ جیسا کہ اہل خلاف نی کہا ہی کسو طرح کہ حق سبحانہ
سوال نکریگا بندون اپنی سی اوس چیز سی کہ ساتہہ فضل اپنی کی اوپر اونکی انعام کیا ہو
اونکی منت رکہیگا ساتہہ اوسکی کسو طرح کہ احسان نعم مخلوق پر قبیح ہی کیونکر طرف خالق
کی نسبت دی جاوی لیکن مراد نعیم سی اس مین دوستی ہماری ہی کہ اہل بیت مین
موالات ہماری کہ حق تعالی سوال کرتاہی بعد توحید اور نبوت کی بندہ جو وفا
وفا کریگا اوسکو بیچ روضہ جنت کی پہنچاویگی اور ہرگز فنا اور زوال نقبول کریگا اور باب
اپنی آبای کرام سی حدیث کی ہی کہ پیغمبر خدا نی امیر المومنین سی کہا کہ ای علی اول
وقت مرگ کی اوس سی سوال کرین گلشتین شہادتین مین اور ولایت اور محبت تیری
اوسکی قرار کری اور اعتقاد کری ساتہہ نعیم ابدی کی اور سعادت ہمیشگی کی پہنچی کا تکملہ
والتعلیم حرف مین پڑا اوسکی دوسی ایک ہوتی مین نکلی عبادہ وداد العباد
آیاتہا ثلث کلماتہا سورۃ العصر مکیۃ حروفہا
١٦٨ ١٤ ٣
سورہ عصر کی مین اوترے
بسم اللہ الرحمن الرحیم
ابتدا کرتاہون میں ساتہہ نام اللہ رحمن رحیم کے

والعصر ان الانسان لفی خسر الا الذین
قسم ہی زمانہ پیغمبر کی یا عصر زمانی کی بدرستیکہ انسان البتہ بیچ زیانکاری کی ہی مگر وہ لوگ کہ
آمنوا وعملوا الصالحات وتواصوا بالحق وتواصوا بالصبر
کہ ایمان لائی اور کرتی ہین کارہای شایستہ اور باہم وصیت کرتی ہین ساتہہ حق کی اور وصیت کرتی ہین ساتہہ صبر کی
ابی بن کعب نی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ سی روایت کی کہ جو سورہ والعصر پڑہی حق تعالی ختم اوسکا
ساتہہ صبر کی کرتاہی اور بیچ روز قیامت کے ساتہہ صابرونکی حشر کرتاہی اور روایت دیگر
پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ سی روایت ہی کہ جو سورہ والعصر پڑہی حق تعالی اوسکو بخشی اور ہووی
اون لوگون سی ہو کہ ساتہہ حق اور صبر کی وصیت کرتی ہین اور ابو عبد اللہ سی روایت
کہ جو سورہ والعصر بیچ نوافل کی پڑہی حق تعالی بیچ روز قیامت کی روشن اوسکی کو نورانی
کری اور دندان اوسکی خندان اور آنکہین اوسکی روشن اور اوس طرح سی باہر ہووی دنیا سی
اور دندان خندان اور چشم روشن کی بیچ بہشت کی داخل ہووی قولہ والعصر ان الانسان لفی خسر قسم ہی
ساتہہ عصر پیغمبر کی یا ساتہہ عصر حضرت صاحب کی کہ افضل عصارہی یا ساتہہ روزگار کی کہ مشتمل ہی
اوپر عجایب اور عبر بیشمار کی یا ساتہہ نماز عصر کی یا ساتہہ نماز عصر کی کہ صلوۃ وسطی
قول اکثر اور جہت زیادتی فضل اوسکی یہہ ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ نی فرمایا کہ جسکی نماز عصر فوت
ہووی ایسا ہی کہ اہل اور مال اوسکا چہین گیاہی اور وہ اوس روز ہو گیا ہی اور یہہ جواب قسم کا
جواب قسم یہہ ہی ان الانسان بدرستیکہ آدمی بیچ زیانکاری کی ہی بسبب اعمال کی
بیچ مطالب ناپایدار کی اور سعی بیچ مقاصد بی اعتبار کی اور لام واسطی استغراق کی ہی یعنی
تمام یعنی جمیع آدمیان بیچ زیانکاری فاحش کی ہین قولہ الا الذین آمنوا وعملوا الصالحات

مگر وہ لوگ کہ ایمان لائے ہیں ساتھ خدا اور رسول کی اور کئے ہیں کارہای پسندیدہ
شائستہ یعنی کہ جو روز اور شب کہ اوپر اونکی گذرا تھا ساتھ ہر ایک بھی عمر اپنی کی حاصل کیا ہے
درجہ درجات جنت سے اور بجہت اُسکی بیچ معاملہ آخرت کی رائج آئے اور ساتھ حیات ابدی کی
سعادت سرمدیہ کی فائز ہوئے شائستہ یعنی کہ بیچ دنیا کی ملازمت حق کی کرتے تھے توحید خدا
اور تصدیق انبیا اور اوصیا سے اور ساتھ طاعت اور عبادت مشغول ہوئے اور کام کئے نیک اور
اجتناب کیا معاصی سے اور رہے اور ورزش کیا اعتقادوں سے اور جو عمل کہ جائز نہ ہو خطا
کار اوسکا مانند توحید اور طاعت کی اور اتباع کتب اور رسل کی اور بیچ ادیان
اور رفیق بیچ عقبی کی اور وصیت کیا باہمدیگر ساتھ صبر کی اور تحمل کی اوپر طاعت
یا معصیت سے یا شکیبائی اوپر بلیت اور مصیبت کی ابی بن کعب نے کہا کہ میں نے
رسول صلی اللہ علیہ وآلہ سے پوچھا فرمایا وَالْعَصْرِ سوگند ہے ساتھ آخر روزی کی
اوسکی کہ ابوجہل بیچ خسارت کی ہے مگر مومنین نے کہ عمل صالح کیا یعنی علی ابن ابی
طالب ہی اور آل اطہار اوسکی اور شیعیان اوسکی مثل قول اللہ تعالٰی کی انما
وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ یعنی ولایت علی ابن ابی طالب
الْحَقُّ مَعَ عَلِيٍّ وَعَلِيٌّ مَعَ الْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ یعنی ساتھ صبر کی اوپر اذیت کی
اعدای آل محمد سے اون کو پہنچی گی **تکملہ** زبر و بینات سورہ
قَوْلُهٗ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تیرہ حرف میں بینات اوسکی
تین بیس ہوتے میں نکلی اوس سے یہہ عبارت بولایۃ علی وآلہ الھادین الی الحق
چار حرف میں بینات اوسکی وہی چون تیس ہوتی میں نکلی اوس سے عبارت بولایۃ علی

اٰيَاتُهَا كَلِمَاتُهَا سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ حُرُوْفُهَا رُكُوْعُهَا

سورۃ الہمزہ کی ہے اور وہ ...

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع کرتا ہوں ساتھ نام خدای رحمٰن رحیم کے

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۙ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ
وای واسطے ہر عیب کرنے والے چغل خور کے اور ہر طعنہ کرنے والے ایسا کہ جمع کیا مال کو اور شمار کیا اوسکو
يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ۚ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ
گمان کرتا ہے یہہ کہ مال اوسکا ہمیشہ رکھیگا اوسکو قسم ہے خدا کی البتہ ڈالا جائیگا
وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۭ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۙ الَّتِيْ تَطَّلِعُ
اور کیا جانا تو نے کیا ہے حطمہ آتش خدا کی روشن کی ہوئی ایسی کہ ...
عَلَى الْاَفْـــِٕدَةِ ۭ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۙ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۧ
ع
اوپر دلوں کے ہر آئینہ وہ اوپر اونکی بندی ہوئی ہے بیچ ستون کھینچی ہوئی کی

ابی ابن کعب نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سے روایت کی کہ جو اس سورہ کو پڑھے حق تعالٰی حسنات
اوسکی اس گنتی دس سے کہ استہزا ساتھ محمد اور آل اوسکی کئے تھے ابو بصیر نے ابو عبد اللہ
علیہ السلام سے روایت کی کہ جو وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ کو بیچ فرائض کی قرأت کرے درویشی اوس
سے دور ہوتی ہے اور روزی اوسپر اوسکی فراخ ہوتی ہے مرد میں ہر ایک میں ہوا ہے جان کو حق تعالٰی
بیچ حال نزول کی بیچ سورہ عصر کی تفصیل اوسکی کہ آئی ہے بیچ اس سورہ کی منقول ہی
اخنس ابن شریق ثقفی ہمیشہ غیبت رسول کی نزدیک ولید ابن ولید کی کرتا تھا اور اوسکو منع اور ...

رکھتا تھا اور ساتھ اوسکی غیبت مین شریک ہوتا تھا اور حضرت رسول و ہر اونکی
ہنسا اور تہا کر اور اشارہ وغمز ساتھ طعنہ کرتی تھی حق تعالی نی اوسکی باب مین فرمایا وَيْلٌ لِكُلِّ
هُمَزَةٍ لُمَزَةٍ الَّذِي جَمَعَ مَالًا وَعَدَّدَهُ اس واسطی رغبت کرنی والی کی بیچ پوشیدہ کی اور عیب کی
والی روبرو او نزدیک بعضی کی معنی برعکس اسکی ہین ہمزہ بمعنی طعن کی ہی بیچ روبرو
اور لمزہ غیبت ہی بیچ غیر مواجہہ کی آور ابن زید سی نقل ہی کہ ہمزہ طعن اور عیب
اور لمزہ طعن ساتھ زبان اور چشم کی ہی اور بعضی کہتی ہین یہہ آیہ بیچ باب اخنس بن شریق
نازل ہوئی کہ ہمیشہ ساتھ لمزہ اور ہمزہ حضرت کی مشغول ہوتا تھا بر ہر تقدیر فرمائی ہی
جامع اس صفت کا وہ شخص ہی کہ جمع کیا مال کو اور شمار کیا اوسکو مین بعد اخری باشد
گر کی نگاہ رکھا واسطی شدت محبت اور فرط تعلق اوسکی کی ساتھ اوسکی یا اوسکو واسطی
مہیا کیا واسطی دفع بلاکی اور مصیبت کی کما قال امیر المومنین بَشِّرْ مَالَ الْبَخِيلِ بِحَادِثٍ
اَوْ وَارِثٍ معلوم کرتا ہی یہہ کہ جمع کیا مال کو اور عدد کیا اوسکو ہمیشہ رکھیگا اوسکو
بیچ دنیا کی محبت سکی کہ اوسکو دوست رکھتا ہی جیسا کہ خلود کو دوست رکھتا ہی یہہ
گمان ہی کہ حب مال اوسکو موت سی غافل کردیگی یا طول امل سی اوسکی بہت سی
ہوگی کہ وہ گمان کریگا کہ مین ہمیشہ رہونگا اور یہہ عمل کہ کرتا ہی اوسکی مانندی ہی جو
خطرہ موت کا نہ رکھتا ہو مروی ہی کہ اخنس چار ہزار دینار سرخ رکھتا تھا اور بعضی
ہین دس ہزار اور فرط تعلق اوسکا نہایت کو پہنچا تھا اور شدت محبت اوسکی
غایت کو پہنچی اور باوجود اسکی کمیا عث جمع کرنی مال سی ایک لمحہ [illegible] پہنچی
اوسکی سی غافل تہا اور شلت اس غنا سی کفر اور عناد اوسکا زیادہ ہوتا تھا

مذمت اور انکار حضرت رسالت سی محکم باندہتا تھا اور آخر سبکو چہوڑ کر بیچ جہنم کی
پہنچایا فرمایا كَلَّا لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ یعنی ایسا نہین ہی کہ جو
گمان کرتا ہی وہ کہ مال دنیا مین ہمیشہ رکہیگا قسم ہی خدا کی ہر آینہ ڈالا جائیگا بیچ حطمہ کی
یعنی بیچ اوس آتش کی کہ حطم اور ریزہ ریزہ کرتی ہی ہر چیز کا اور یہہ نام ہی ایک درکہ کا دوزخ
دوزخ سی اور کس چیز نی دانا کیا تجھکو کہ کیا ہی وہ آتش کہ اوسکی غایت کہتی ہی بعد
اوسکی خدا تفسیر اوسکی کرتا ہی ساتھ قول اپنی کی فرمایا نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ الَّتِي تَطَّلِعُ عَلَى
الْأَفْئِدَةِ إِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُؤْصَدَةٌ فِي عَمَدٍ مُمَدَّدَةٍ یعنی حطمہ آتش ہی کہ روشن کی ہی ساتھ قہر و غضب
خدا کی کہ دوسرا اوسکو بجھا نہین سکتا ہی ایسی آتش کہ غالب ہووی اوپر دلوکی یعنی سب اعضا
اور اطراف اوسکی سی باہر نکل جاویگی اور درمیان دل کی آوی گی اور سب ظاہر اور
باطن اوسکی کو گہیر لیگی اور تخصیص افئدہ کی اسواسطی ہی کہ محل عقائد خبیثہ اور دوسری
ہی کہ دل الطف اعضا ہی پس تالم اوسکا ساتھ غالب ہونی آتش جہنم کی اوپر اوسکی بیچ
غایت مرتبہ کی ہوگا کہ زیادہ اوس سی متصور نہو بدرستیکہ وہ آگ اوپر کافرونکی بند کی جاوے
بیچ ستون کھینچی ہوئی کی یعنی جیسا کہ ستونکو اوپر دروازونکی باندہتی ہین اور اونکو
مضبوطی محکم کرتی ہین اسطرح آتش کو اوپر کافرونکی باندہین گی اور اونکو اوپر اونکی
مضبوط اور محکم کرینگی نقل فرماتی ہی کہ دروازہ ہای آتشین کو اوپر کفارونکی باندہینگی
کی اور اونکو ساتھ میخہای آہنین کہ آتش سی ہوگی مسدود اور محکم کرینگی تا غم اور حرارت
آتش کی ساتھ اونکی راجع ہو اونکو کوئی روح اور راحت اوپر اونکی داخل نہو اور عیاشی نی
باسانید معتبر حمران بن اعین سی نقل کی ہی اور راوی نی ابو جعفر صلوات اللہ علیہ کی کہ کافرون

اور شیر کمین بیچ دوزخ کی زبان دراز کری گی گنہگار اہل توحید کو سرزنش کرین کی اور
توحید تمہاری نی ساتہہ تمہارے فائدہ نہ پہنچایا اور عذاب دوزخ کو تمسی دفع نکیا اور ہم
دونو ساوی مین پس حقتعالی اوس سرزنش کو وسطی اونکی ناپسند کری گا اور ملایکہ
کو امر فرماویگا کہ شفاعت اونکی کرین پس فرشتی اوس قدر کہ جو خدا کو منظور ہے
کرین کی بعد اوسکی خطاب طرف پیغمبر کی پہنچی گا شفاعت مصاحب اپنی کی کرو اور
وفق مشیت حق سبحانہ تعالی کی شفاعت کرادین گی پس ساتہہ مومنوں کی خطاب
پہنچی کا کہ شفاعت عاصیان اہل ایمان سی کرین وہ بہی اوپر طریق ارادہ حق سبحانہ
تعالی کی زبان شفاعت کی کہولین گی اور جسقدر کہ مراد اللہ کی ہوگی شفاعت کرینگی
بعد اوسکی فرماوی کا انا ارحم الراحمین اخرجوا برحمتی یعنی مین ہون رحم کرنی
ہون یاد وسب رحم کرنی والونسی دوزخ سی باہر آو ساتہہ رحمت میری کی
گنہگار اہل ایمان مانند ملخ کی باہر آوین گی پس ارجعفر علیہ السلام نی فرمایا کہ بعد اوسکی
آتش کہینین گی اور اوپر کفار کی بازمین گی اور بند سو کنندکہ درمیان اونکی محکم اور جا
اور ہرگز اوس سی خلاصی نہ پاوین گی **تکملہ** زبر و منات سورہ
قولہ ویل لکل ھمزۃ لمزۃ ہمزہ وہ حرف مین زبر اوسکی کہ نیز
ہوسنی مین نکلی اوس سی بہ عبارت ای ویل جنالمزہ ہمزۃ

آیاتہا کلماتہا سورۃ الفیل مکیۃ حروفہا رکوعہا

سورہ فیل کی اور ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابتدا کرتا ہون ساتہہ نام خدای رحمن رحیم کے

الم تر کیف فعل ربک باصحب الفیل ۝ الم یجعل کیدهم

آیا نہین دیکہا تونی کہ کیونکر کیا پروردگار تیری نی ساتہہ صاحبان فیل کے آیا نہین گردانا

فی تضلیل ۝ وارسل علیہم طیرا ابابیل ۝ ترمیہم

اونکی کو بیچ گمراہی کی اور بہیجا اوپر اونکی جانور گروہ گروہ پہینکتی تہین

بحجارۃ من سجیل ۝ فجعلہم کعصف ماکول ۝

پتہر کو سنگ گل سی پس گردانا اونکو مانند گہاس کہائی ہوئی کے

ابی بن کعب نی جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سی روایت کی کہ جو اس سورہ کو
پڑہی حق تعالی اوسکو خسف اور مسخ اور قذف سی امین کرتا ہی ابو بصیر نی ابو عبد اللہ
علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ جو شخص فرایض کی الم ترکیف پڑہی فرشتی اور حیوانات
اور تمام جمادات زمین ہموار سی اور جبال سنگ اور کلوخ وغیرہ سی کہ بیچ عالم
کی ہون وسطی اوسکی گواہی دین گی کہ وہ نماز پڑہنی والون سی ہی اور روز
قیامت منادی حضرت عزت سی ندا کری گا ساتہہ شہود کی کہ تم بیچ شہادت
اوپر بندہ میری کی صادق ہو اور مین نی تمہاری گواہی کو اونکی حق قبول کیا
اوس بندی میری کو بیچ بہشت کے اور محاسبہ اوسکا مت کرو کہ وہ اون لوگون سی
ہی کہ دوست رکہتا تہا مین اوسکو اور دوست رکہتا ہو مین عمل اوسکی کو بیچ روایات
معتبرہ کی وارد ہوا ہی اور بہ اجماع حد ثبوت کو پہنچا کہ ابرہہ بن صباح اشرم

جانب صحمہ نجاشی سے کہ بادشاہ حبشہ کا تہا اور جد نجاشی کہ بیچ عہد رسول خدا صلی اللہ علیہ
و آلہ کی تہا بادشاہ یمن کا ہوا اور قصد ہدم کعبہ کا کیا اور سبب اسکا یہ تہا کہ ذو نواس
یہودی کہ بادشاہ حمیر نے ایک جماعت ترسایونکو کہ مہتر اونکا عبد اللہ عامر تہا ساکن
اوس جگہہ پر اپنا طرف دین یہود کی ترغیب کیا اونہون نے قبول نکیا بعضی کو مارا
بعضی کو جلایا اور ایک کو اونمین کہ اوسکو اوس بن ذو اس کہتی تہی اسپ خوب رفتار
اوپر اوسکی سوار ہوکی بہاگا اور نزدیک قیصر روم کی گیا اور سب قصہ کو بیان کیا
مدد چاہی تا انتقام اوس سے لے قیصر نے کہا مسافت دور ہی اور حبشین جو کہ ہای
کرا اوس طرف توجہ کرون مین لیکن نامہ ایک طرف بادشاہ حبشہ کی لکہتا ہون
کہ وہ واوپر دین ہمارے کی ہی تیری اعانت کریگا اور اونسی انتقام لیگا جسوقت نامہ
ملک حبشہ کی پہنچا ایک مرد اریاط نام ساتہہ لشکر عظیم کی طرف یمن کی بہیجا اور ساتہہ
اوسکی حکم کیا کہ ایک تہائی اونکی کو قتل کرو اور ایک ثلث کو طرف یمن کی بہیجو اور ایک
کو شہر سے آوارہ کرو اوس ساتہہ سپاہیونکی اوسطرف کو گیا اور ساتہہ اونکی
کیا اور لشکر ذو نواس متفرق ہوا اور ذو نواس بہاگا اور لشکر اریاط نے پیچھا
دریا تک پہنچی گہوڑیکو بیچ دریا کی ڈالا اور ہلاک ہوا اریاط نے بعضی اونکی کو مارا اور بعضی
قید کیا اور بعضی کو شہر سے نکال کر طرف یمن کی آیا اور بادشاہ حبشہ کو خبر دار کیا
حبشہ نے ساتہہ اریاط کی اعلام فرمایا کہ ساتہہ لشکر اپنی کی اوس جگہہ
ابرہہ کو ساتہہ اوسکی خصومت پڑی اور جنگ کا سامان کرکی باہمدیگر مقابل ہوی ابرہہ نے
اریاط سے کہا کہ مجکو خصومت ہی اور لشکریان بیگناہ مین آو تا مین اور تو ہم

جو ظفر ہو وہ بادشاہ ہو پس یہ قرار پایا اور لڑنی کو نکلی اریاط کہ مرد تناور اور جسیم
تہا اور ابرہہ ایک مرد کوتاہ تہا اونی حکم اپنی غلام کو ساتہہ بہانا اوسکی کہ سلاح اوٹہا
رکہتا ہی ہمراہ لیا تا اگر عاجز ہو تو غلام معاون اوسکا ہو جسوقت شروع محاربہ
ہوا اریاط نے حربہ مارا کہ چہرہ اور موچہ ابرہہ کا کاٹ گیا اور سبب اسکی اوسکو اشرم
کہتی تہی ابرہہ گرا اور غلام آگی آیا اور اریاط کو ایک زخم مارا کہ مر گیا لشکر اوسکا
ابرہہ کی جمع ہوا اور اسکو بادشاہ اپنا کیا یہ خبر نجاشی کو پہنچی وہ غصہ ہوا
اور نامہ طرف ابرہہ کی لکہا کہ حبشی تجکو حکم کیا تہا کہ ساتہہ اریاط کی خوب کری تو
اور اوسکو ماری تو وعدہ کرتا ہون ایک بہیجونگا مین کہ تیری سر کو اور خاک بادشاہت
تیری کو بیچ شہر اپنی کی لاؤن مین ابرہہ نے نامہ کو مطالعہ کیا بیچ اوسی حال کی فرمایا
سر اوسکی کو مونڈہی پس موی سر اپنی کو ساتہہ پارہ خاک کی بیچ تہیلی کی کیا اور
آگی نجاشی کی بہیجا اور بیچ نامہ کی اعلام کیا کہ جو جہت تونی سوگند کہائی تہی اسکو
پورا کیا مین بندہ تیرا ہون مین بادشاہت کی واسطی تیری محافظت کرتا ہون مین تجہے
راضی رکہتا ہی اور حکم تیرا ہی والسلام نجاشی خوش ہوا اوس ولایت کو
اوسکو تفویض کیا اور اوسکو بادشاہ یمن کیا اونسی بیچ صنعا کی ایک کنشت بنایا تمام
ملونی اور در و دیوار اوسکی سونی او جواہر سی مرصع اور مزین کی اور قلیس نام رکہا اور طرف
نجاشی کی نامہ لکہا کہ مین نے کنیسہ ایسی نام کا بنایا ہی کہ بیچ جہان کی مثل اوسکا نہین اور اوسمی
طواف و حج عرب کے آتی مین مدد یارت اور تکریم اوسکی کرنی مین امید ہی کہ لوگ کعبہ کو چہوڑینگے
اوس کنیسہ طرف رجوع کرین نجاشی خوش ہوا اور بہت سا انعام کیا اور اسکی در پی ہوا کہ حجاج

تو ہوئی وہ یہ بات اگرچہ ابرہہ پر شاق تھی مگر ناچار ایسے سے آئی صبر کی یہ [illegible]
ایک شخص نے کنانہ سے اوس کی خدمت کرنے لگا اور وہ بیچارہ رہا اور ایک رات کو [illegible]
اوس پر [illegible] کیا اور بھاگ گیا یہ خبر بیچ آفاق اور اقطار کی منتشر ہوئی اور طباع مردم [illegible]
سے متنفر ہوئی ابرہہ اس حال سے بیچ غضب کی آیا اور ایک لشکر کو جمع کیا اور ساتھ [illegible]
قوی ہیکل مہیب منظر کی بقصد تخریب حرم محترم کی متوجہ مکہ معظمہ کا ہوا اور فیل محمود کو کہ [illegible]
عظمت جثہ کی مشابہ کوہ کی تھا ہمراہ لے لیا اور جس بلدہ میں بلاد عرب سے پہنچا تھا بادشاہ [illegible]
بلاد کا ساتھ اوسکی واسطے محاربہ کی باہر آتا تھا اور اول بادشاہ ذو نفر نے قتال کیا [illegible]
حمیر کی [illegible] اور ابرہہ اوسکی غالب آیا اوسکو گرفتار کیا اور چاہا کہ اوسکو مار ڈالے وہ بولا [illegible] حکومت [illegible]
اور رہ [illegible] کرونگا ابرہہ نے اوسکو بند کیا جس وقت مقابل بنی خثعم کی پہنچا نفیل [illegible]
ایک جماعت خثعمیان کی باہر آیا ابرہہ اوپر اوسکی غالب آیا اور چاہا کہ اوسکو مار ڈالے [illegible]
بار [illegible] کرونگا ابرہہ نے اوسکو بھی بند کیا طائف میں آیا مسعود بن معتب ساتھ اہل طائف [illegible]
باہر آیا اور کہا یا ایہا الملک ہمکو ساتھ تیرے کچھ نزاع اور جدال نہیں ہے گر چاہے ایک [illegible]
تا تجکو خانہ کعبہ کی راہ دکھلا دے کہا اوسنے بہتر ہے پس ابو رغال ساتھ اوسکی بھیجا اور [illegible]
تھا جس وقت نزدیک مکہ کی بیچ منزل کی پہنچا ابو رغال کو موت آئی مر گیا اور [illegible]
اور اوسکو بھی [illegible] دفن کیا اور عادت [illegible] ہی کہ جو اوس جگہ پہنچے ایک پتھر اوپر گور اوسکی [illegible]
القصہ ابرہہ نے اوس جگہ سے ایک مرد کو ساتھ لشکر عظیم کی اپنی طرف سے مکہ میں بھیجا اوس [illegible]
وہ آیا اور جمیع مال حوالی حرم کو جمع کیا اور چار سو اونٹ عبد المطلب کی لیے اور ایک شخص کو [illegible]
بھیجا کہ میں آیا ہوں کہ خانہ کعبہ کو خراب کروں اگر مانع ہو تو تیری ساتھ مقاتلہ کروں [illegible]

[illegible] کام نہیں ہے عبد المطلب نے ایک شخص کو بھیجا اور کہا کہ کام ہمارا [illegible]
[illegible] کہونگا پس تھا ایک جماعت کی اولاد اور اقارب اور بزرگان قوم سے اوس کی [illegible]
[illegible] کہ بادشاہ حمیر تھا جس وقت سنا کہ عبد المطلب آتے ہیں ابرہہ سے کہلا بھیجا بادشاہ عبد المطلب
سید قریش ہے اور عرب میں خصال اوسکی نہیں ہیں اور ذات اور بزرگی میں بے مثال ہے اور وہ [illegible]
[illegible] آدمیونکو طعام دیتا ہے اور [illegible] جگہ وحوش [illegible] اور طیور کو دانہ دیتا ہے چاہیے کہ [illegible]
کرے تو اوسی جگہ میں جو اوسکی لائق ہو بٹھلا دے اور رضا اوسکی چاہے [illegible]
کیا اور عبد المطلب سے ملاقات کی اور اوسکو نزدیک ابرہہ کی لے گیا اور عبد المطلب خوبصورت خوش
[illegible] فصیح زبان تھا اور شوکت اور ہیبت تمام رکھتا تھا اور نور محمدی بیچ ناصیہ اوسکی کے درخشاں [illegible]
ابرہہ نے جس وقت اوسکو دیکھا تعظیم و ہیبت عجیب اوسکی بیچ دل ابرہہ کی پڑی تخت سے نیچے [illegible]
اوسکو لائق ساتھ اپنی [illegible] تخت کے بٹھلایا اور آپ زانو اوسکی پاس بیٹھا ترجمان کو طلب کیا [illegible]
آیا تو عبد المطلب نے کہا ملازمان لشکر [illegible] میرے اونٹ لے گئے ہیں التماس یہ کہ پھیر دے ابرہہ نے ترجمان سے کہا [illegible]
[illegible] عجب ہے اس [illegible] دلالت پر فضل [illegible] کرتا ہے [illegible] اوسکی کہ مردمان اوسکی شان [illegible]
[illegible] کمال فضل و جلالت کرتے تھے [illegible] کہ میں ساتھ لشکر عظیم آیا ہوں تا اوس گھر کو کہ دین [illegible]
[illegible] آخرت [illegible]
عبد المطلب سے بیان کیا عبد المطلب نے کہا انا رب الابل [illegible]
وللبیت ربٌّ [illegible] ان یحفظه او یمنعه [illegible]
[illegible] اوسکو [illegible] کچھ کام نہیں ہے ابرہہ اس سے ترسان اور ہراسان اور [illegible]
[illegible] اونٹ اوسکی پھیر دیے عبد المطلب نے لشکر کو طرف ایک کوہ کی بھیجا اور متوجہ طرف [illegible] کی کیا ابرہہ [illegible]

اندیشہ ماکہ بیچ منزل دوسری آیا عبد المطلب ساتھ جماعت ایک کی حمائل عربی آگی ابرہہ کی
مال بہا دیجائیگی بشرطیکہ پھر جاوے اور نیت خرابی خانۂ کعبہ کی نکری قبول نکیا ابرہہ نے
اور خاک اوپر سینہ فیلوں کی اور شتروں کی اونچی طرح زنبیل جاونگا میں کسی جگہ آرام نکرونگا عبد المطلب
ساتھ قریش کے کیا تم منتظر ہو کہ چلو تا مضرت کوئی نپہونچے تمکو پس آئے اور حلقۂ خانۂ کعبہ کیا اور چند بیت
مضمون انکا یہہ تہی کہ بارخدایا خانہ اپنی کو دشمنان اپنے سی حمایت کر اور اوسکو بچا اور محفوظ
باہر آیا اور کسی جگہ میں پوشیدہ ہوا اور ابرہہ نی رو طرف کعبہ کی کیا اور ساتھ جلال
کو سر اوسکا پہونچا آیا اور سر کو بیچ گوش محمود کی کہا کہ جو بیٹھ فیلوں کا تہا اور اگر وہ چلتا تہا
اور گر اسو جاتا تو اوسی کبہی ہو جاتی تہی اوسنی کہا ہی محمود جانتا ہی تو اس جگہ کو کہ کیا ہی
اور گرا اوسکا اپنی نہاز گردن نجاشی تو کہ البتہ ساتھ ہلاکت ابرہہ کی گرفتار ہو گا تو بیٹہا
اوسکی سی بہاگا اور تعضی پہاڑ میں پناہ لی پس بلہائی چند طرقہ او محمود کی مارنی
نہ بڑہا اور فیل بہی اپنی جگہ پر کہڑی رہی اور وہ وقت طلوع آفتاب تہا حق تعالی کی جانب
کشتی پرندہ اور پر شکل ابابیل کی تہی اور ہر ایک کی پاس تین تین کنکریاں تہین ایک ایک
وہ وہ پنجوں میں عدس کی برابر سر جسکی اوسنی سنگ کو مارتی تہین منفذ سی اسکی باہر
ہڈی کی اوپر آتا تہا ریزہ ریزہ کرتا تہا اور وہ فی الفور ہلاک ہوتا تہا اور خون
جانور تعاقب کرتی چلی جاتی تہی اور سنگ ڈالتی تہی فضیل بن حبیب نی جس وقت
کہا کہاں ہی مفر نہیں غالب ہوا اور ابرہہ متر مغلوب ہوا اور بیچ لگا وکرنا تہا کہ
اہل حشم اور شعر کو کچہ ضرر نپہونچا اور ابرہہ کی درد اور علت پیدا ہوا کہ سب اوسکی
کی گرین اور خون اور ریم اوس سی روان ہوا اور جس وقت بیچ صنعا کی پہنچا تکم اوسکی

نو بیت گیا اور طرف جہنم کی گیا اور وزیر اوسکا ابو یکسوم بہی ہلاک ہو گیا مگر ابرہہ کہ تنہا
اور طرف حبشہ کی گیا مرغ کہ نام ہوا اوسکا تہا اوپر سر کی جاتا تہا جس میں پہنچا جس وقت
نجاشی کی آیا وہ مرغ بالائی اوسکی پرواز کرتا تہا ابرہہ نی صورت حال کو بیچ عرض کی نجاشی
نجاشی نی روسی تعجب سی پوچہا کہ کس طرح کی مرغ تہی کہ ساتھ سنگریزہ کی
ہلاک کیا ابرہہ کی نظر اس حال میں اوپر اوسکی پڑی دیکہا کہ مرغ پران ہی کہا کہ
سی ہی کہ مثل اس کی تہی کہ یک پتہر اوپر سر اوسکی کی آیا اور اوسکو نجاشی ہلاک کیا
یہہ سو بیتی نجاشی فوت اور پتہر آہن کو جانی اور عبرت لی احوال کی
نہیں ہی حق تعالی نی پیغمبر اپنی کو اوس سی خبر دی الم تر کیف فعل ربک باصحاب الفیل الم یجعل
کیدہم فی تضلیل آیتیں کہا تو نی کہ کیا کیا پروردگار تیری نی ساتھ صاحبان فیل کی یعنی ابرہہ
لشکریان اوسکی کی اور ہمزہ وطلی تقریر کی ہی اور اگرچہ حضرت رسالت پناہ نی اوس واقعہ کو نہ دیکہا تہا
کہ علامات اوسکی دیکہی اور خبر اوسکا متواتر سنا بیقین جانا پس تو نی قصہ اصحاب فیل کو آیا
اور کیا مکر اونکی کو کہ تخریب کعبہ کرنی تہی اور بیچ خرابی خانۂ کعبہ اور تباہی اور تضییع اور ابطال
وارسل علیہم طیرا ابابیل ترمیہم بحجارة من سجیل فجعلہم کعصف مأکول اور بہیجا
اوپر اونکی طرف ساحل دریای ہند کی مرغ گروہ در حالیکہ گروہ تہی یعنی مرغان متفرق
اوپر اونکی پہینکہ ڈالتی تہی اوپر اونکی سنگ گل سی یعنی گل سنگ سی پس کیا
تہی مانند کہیت کی پس کیا خدا نی اونکو ساتھ اوسکی مانند برگ کہاس کہائی ہوئی کی
کہانی والون نی کہاس کو کہایا اور اوسکو نابود کیا مانند اوس کہاس کی کہ
کہایا ہوا اور سرگین کیا ہوا پر ہر تقدیر کی یہہ کنایہ ہی استیصال اونکی سی

اعظم آیات سی ہی اور بکمال قدرت اوس حق تعالی کی کسی طرح کہ مرنمان ضعیف کو اوبابا
سنگ ہائی کلیں کرکہ مقدار عدس کی ہوا اور سرون کی کی ڈالا اور سب کو ہلاک کیا

آیاتہا ۴ کلماتہا ۱۷ سورۃ قریش مکیۃ حروفہا ۷۳ رکوعہا

سورۃ قریش کی ہین او تری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع کرتا ہون اوپر نام خدائی رحمن رحیم کی

لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ ۝ إِيلَافِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوا

واسطی الفت دلانی قریش کی الفت دلانی اونکی کی کوچ کرجاڑے اور گرمی میں پس چاہئی کہ عبادت کریں

رَبَّ هَٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِي أَطْعَمَهُمْ مِنْ جُوعٍ وَآمَنَهُمْ مِنْ خَوْفٍ ۝ ع

پروردگار ایسی گہر کی ایسا کہ کہانا دیا اونکو گرسنگی ہی اور امن دیا اونکو خوف سی

ابی بن کعب نی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ سی روایت کی ہی جو شخص اوسکو پڑہی حق تعالی اوسکو ابعدد اوس شخص
کی جسنی طواف کعبہ کا کیا ہوا اور بیچ اوس مکہ کی معتکف ہوا ہو دس حسنہ دیتا ہی اور ابو بصیر نی
ابو عبد اللہ علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ جو سورہ والایلاف قریش پڑہی حق تعالی اوسکو
بیچ روز قیامت کی اوپر ایک مرکب کی مرکب بہشت سی سوار کریگا اور بیچ بہشت کی بیٹہاویگا
نی باسانید صحیحہ ابو عبد اللہ علیہ السلام سی نقل کی کہ جمع مت کرو بیچ ہر رکعت کی دو سورہ مگر
الم ترو الضحی والم نشرح اور الم تر کیف اور لایلاف کو کیونکہ یہ دو دو بیچ حکم سورہ واحد کی ہیں
اور باجماع ہمارے کی جمع درمیان ان دو سورتونکی بیچ ایک رکعت کی واجب ہی جان جس طرح
نی ذکر نعمت عظیم اپنی کا کیا اوپر اہل مکہ کی کہ وہ دستیصال اصحاب فیل تہا اور نظم ہوا اوسکی

دونو سورت ایک ہی میں بیان نعمت دو سری کا ہی بیچ بعضی تفاسیر کی آیا کہ قریش کو دو سفر تجارت کی
سفر تہی جاڑی میں طرف یمن کی جاتی تہی اور گرمی میں طرف شام کی اہل یمن و شام و تمام اہل عرب
انکو اہل حرم اور والا ہمت سمجہتی تہی اور عزت کرتی تہی اور غارت سی امن میں تہی بیچ انکی
اس نعمت کی اوپر اونکی یہہ سورہ بہیجا لایلاف قریش ایلافہم رحلۃ الشتاء والصیف
واسطی الفت یعنی قریش کی واسطی خوگر ہونی اونکی بیچ سفر جاڑی اور گرمی کی پس چاہئی کہ قریش
اور خداوند اس خانہ معظم کی کہ تعظیم و تکریم اوسکی سبب اونکی ہی یعنی انکی نعمت سی کہ مقصود بیچ
ہی پس چاہئی کہ ذکر و شکر خداوند اس خانہ بزرگ کا ہی نہ غیر اونکی کو ایسا وہ خداوند کہ طعام دیا اونکو
ساتہ اس دو کوچ کی اوپر گرسنگی ہی یعنی بعد اسکی کہ بسبب شدت فقر و فاقہ کی گرسنہ تہی اور
گوبر اور ہڈی اور مردار کہاتی تہی حق تعالی نی اونکو ساتہ بیچ وسیلہ تجارت کی اموال بی شمار
ارزاق بسیار کرامت فرمایا اور اونکو گرسنگی سی رہا کیا اور سیر کیا اور امن کیا اونکو خوف سی
حرم محترم کی تریں عظیم اونکی سی کہ بیچ حوالی مکہ کی مین اور بیچ نواحی بلاد یمن اور شام کی
دوسری کو مارتی تہی اور غارت کرتی تہی یا ترس اصحاب فیل سی اور امیر المومنین صلوات اللہ
علیہ سی مروی ہی کہ مراد وامنہم من خوف سی وہ ہی کہ حق تعالی نی اونکو امن کیا اس خوف سی کہ
خلافت درمیان غیر اونکی کی ہو جناب سالت سی نقل ہی کہ جس وقت حق تعالی نی قریش اوپر
اہل ہی نبی کنانہ کو قبول کیا اور بنی کنانہ سی قریش کو اور قریش سی ہاشم کو اور کلبی سی
تہی کہ بادشاہ ہو نسی مکہ سی سفر کیا اور طرف شام کی گیا اور اوس مکہ سی شاع طعام
لایا ہاشم بن عبد مناف تہا بعد اونکی قریش بیچ تجارت کی ولیر ہوی اور بیچ بلاد عرب کی تردد
ہاتی تہی اصحاب ہاشم اور ہاشم اور آل اور اموال ہو گئی اور جمیع اہل اسلام مانی ہی

خالق ہوی اور نام ہاشم کا عمرو اصلی تہا اور وجہ تسمیہ کی یہہ ہی کہ وہلی آدمیوں کی شوربا
یعنی روٹی کی ٹکڑی توڑ کی شوربی میں ملکر دیتی تہی اونسی اوسکی طعام آدمیونکا کرتی تہی

سورة الماعون بسم الله الرحمن الرحيم مكية

اياتها كلماتها حروفها

شروع کرتا ہون ساتہہ نام خدا کی جو رحمن رحیم ہی

ارايت الذي يكذب بالدين فذلك الذي يدع اليتيم ولا

آیا دیکہا تونی اوسکو کہ تکذیب کرتا ہی ساتہہ روز جزا کی پس یہہ ایسا ہی کہ دہکی دیتا ہی یتیم کو

يحض على طعام المسكين فويل للمصلين الذين هم عن

تحریص کرتا ہی اوپر دینی طعام کی مسکین کو پس وائی ہی واسطی نماز پڑہنی والوں کی

صلاتهم ساهون الذين هم يراءون ويمنعون الماعون ع

نماز اپنی سے غافل ہیں ایسی وہ کہ ریا کرتی ہیں اور منع کرتی ہیں مال زکوة

ابی بن کعب نے پیغمبر سی روایت کی ہی کہ جو اس سورہ کو پڑہی حق تعالی اوسکو بخشی گا اگر مال زکوة
اور ابو جعفر علیہ السلام سی روایت ہی کہ جو ارایت الذی یکذب بالدین کو پڑہی بیچ فرض اور نفل کی
اور نماز اوسکی قبول فرماوی اور جو کچہہ کہ بیچ دنیا کی اوس سی ہوا ہو محاسبہ نہ کری
آیا دیکہا تونی یعنی جانا تونی اوس شخص کو کہ تکذیب کرتا ہی ساتہہ روز جزا یا ساتہہ دین اسلام کی اور
رکہتا ہی اوسکو باوجود وضوح امارات کی اور زیادہ بیچ مبدا و بر صحت اوسکی کی
اوپر اوسکی ہیں کہ نصف اول اس سورہ کا بیچ شان کافر مکی ہی اور نصف آخر بیچ
اور نزدیک کلبی کی یہہ سورہ بیچ باب عاص بن وائل سہمی کی اترا اور نزدیک سدی کی
مقاتل بن حیان کی بیچ شان ولید بن مغیرہ کی اترا اور ابن جریج نی روایت کی کہ ابو سفیان

دوشتر نحر کرتا تہا اور جس وقت کوئی یتیم آتا تہا عصا اوسکی سرپر مارتا تہا اور اوسکو ہٹا دیتا
پس سبحانہ وتعالی نی اس سورہ کو بیچ شان اوسکی کی بہیجا اور بعضی ویر اوسکی میں کہ
ابوجہل تکذیب قیامت کرتا تہا اور جس وقت وصی کسی یتیم کا ہوتا تہا اوسکو وقت
طلب طعمہ اور کسوت اور مال کی مارتا تہا اور اوسکو کہدیڑتا تہا اور بہشت آدمیوں کو
خرچ کرنی سی باز رکہتا تہا حق سبحانہ وتعالی نی اس سورہ کو بیچ شان اوسکی کی بہیجا
کیا پہچانا تونی کہ تکذیب روز جزا کو کون کرتا ہی اور اگر نہیں جانا تو نی اوسکو

فذلك الذي يدع اليتيم ولا يحض على طعام المسكين

پس وہ شخص ہی کہ دفع کرتا ہی ساتہہ عنف اور ستم کی یتیم کو اور دور کرتا ہی ساتہہ
خشونت اور زجر شدید کی اور تحریص نہیں کرتا ہی اور ترغیب نہیں کرتا ہی اپنی کو
اور سب آدمیونکو اوپر طعام دینی فقیر اور محتاج کی یعنی نہیں دیتا ہی اور نہ آدمی کو
ساتہہ دینی کی امر کرتا ہی بسبب عدم اعتقاد کی ساتہہ روز جزا کی پس سختی عذاب کی
ہی واسطی نماز پڑہنی والی ریائی کی یعنی لئن ہی اور اصحاب اوسکی اور سب منافق
ایسی وہ کہ نماز اپنی سی غافل اور بیخبر ہیں اور اوسکی کچہہ رغبت نہیں رکہتی ہیں
بسبب عدم اعتقاد کی ساتہہ ثواب کی اور عدم خوف عقبی کی اوپر ترک اوسکی کی اور
بسبب منع ضرر اہل اسلام کی بیچ نظر آدمیوں کی ساتہہ شرائط اور آداب ادا کرتی
ہیں اور بیچ خفیہ اور خلوت کی ترک اوسکا کرتی ہیں ایسی وہ کہ ریا کرتی ہیں بیچ کردار
کی تا لوگ اونکی تعریف کریں اور منع کرتی ہیں مال کو زکوة اور مستحق سی یعنی اوسکو
نہیں دیتی ہیں اور شبہہ نہیں ہی بیچ اسکی کہ تکذیب ساتہہ روز جزا کی اصل اشیا ہی اور

صاحب اپنی کی جسو بطی کہ منع کرنی والا ہمیع و دوعی خیر کی ہی اور باعث تیرہ
اقسام شرور کا عیاشی نی ساہیہ سنا اونہی کی یونس بن عمار سی روایت کی ہی کہ پوچھا
ہنا ابو عبد اللہ سی اس آیہ کو سوال کیا معنی اور کہا معنی مراد اس سی وسوسہ شیطانی
بیچ نماز کی فرمایا اوس سی مراد وسوسہ شیطانی نہین ہی بیچ نماز کی کسو بطی کہ وہ
واقع ہوتا ہی بلکہ مراد وہ ہی کہ نماز سی غافل ہوا اور اوسکو چہوڑین آخر وقت تک
اور پہر او نخص لستی مروی ہی کہ مراد ترک نماز ہی اور کاہلی اوس سی اور محمد بن فضیل
نی ابو الحسن سی نقل کی ہی کہ مراد ضائع کرنا نماز کا ہی اور عدم اتیان اوپر شروط اور
مین ارکان کی اور ماعون کی خلاف ہی امیر المومنین اور ابو عبد اللہ سی اور ابن عمر و
حسن اور قتادہ سی اور ضحاک سی روایت کی ہی کہ مراد اوس سی زکوٰۃ مفروضہ ہی
جیسا کہ مقرر ہوا اور ابن مسعود اور ابن عباس اور سعید بن جبیر نی کہا کہ ماعون متاع گہر
کہ آپسمین لیتی دیتی مین مانند دیگ اور کاسہ اور تبر اور دلو اور آب اور نمک
آتش کی اور ابو بصیر نی ابو عبد اللہ سی منقول کیا ہی کہ ماعون قرض ہی اور عاریت
خانہ کو اور سبقت کرنا ساتھ امر معروف کی جلد اوسکی سی زکوٰۃ ہی کہا معنی یا رسول اللہ
ہمسایہ مین کہ جسوقت کوئی چیز اونکو عاریت دیتا ہون مین تو توڑ ڈالتی ہین اور اگر اونکو
تو گنہگار ہوتا ہی فرمایا تجھکو کوئی گناہ نہین ہی اگر اونکو اوس سی منع کری
توڑ ڈالین چیز کو بعضی ماعون کو منحصر جانتی ہین بیچ آب و آتش کی اور نمک کی
صلی اللہ علیہ وآلہ سی روایت ہی کہ جو کوئی کسیکو نمک دیوی البساء
زمینات قلع بالدین [illegible] مین [illegible] اوسکی [illegible]

سورۃ الکوثر بسم اللہ الرحمن الرحیم مکیۃ
ایاتہا ثلث کلماتہا شروع کرتا ہون ساتھ نام خدای بخشنے والی مہربان کی عشر حروفہا رکوعہا

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝

بدرستیکہ عطا کی ہمنی تجھکو کوثر — پس پڑہ نماز کو واسطی پروردگار اپنی کی اور قربانی کر

إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ۝

بدرستیکہ دشمن تیرا وہی ابتر ہے

ع

ابی بن کعب نی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ سی روایت کی ہی کہ جو اس سورہ کو پڑہی حقتعالی اوسکو
نہرہای بہشت سی پانی دیگا اور دس گنی حسنات عابدون کی قربانی کی اور انہون کی قرب
نذر اپنی یوم نحر مین کی ہو اور برابر اہل کتاب اور مشرکین سی کی سبب [illegible] گا اور آگی جانی
ہون حق تعالی کرامت فرمائیگا اور ابو بصیر نی ابو عبد اللہ سی روایت کی ہی کہ جو اس
سورہ کو بیچ فرائض اور نوافل کی قراءت کری حقتعالی اوسکو حوض کوثر سی پانی دی
اور نیچی طوبی کی حضرت رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ ذکر اوسکا کرین اور بیچ اکثر تفاسیر کی
منقول ہی کہ عاص بن وائل سہمی نی سید عالم سی دروازہ بنی سہم پر ملاقات کی اور تہوڑی
دیر باہم گفتگو کی حضرت رسالت باہر تشریف لیگئی اور عاص بیچ مسجد کی آیا ایک جماعت نی
صنادید قریش سی کہ بیچ مسجد کی بیٹہی تہی اوس سی پوچہا کہ کس سی باتین کرتا تہا کہا اوسی
کہ ساتہ اس ابتر کی اور رسم اور عرب کا یہ تہا کہ جسکی بیٹا نہوتا تہا تو اوسکو ابتر کہتی تہی
یعنی قطع ہی کہ کوئی خلیفہ بعد اوسکی نہین ہی اور بیچ انہین دنون کی بیٹا آنحضرت کا عبد اللہ
نام ملقب بطاہر کہ بطن خدیجۃ الکبری سی تہا مر گیا تہا اوسوقت یہ خبر حضرت رسالت کو پہنچی

ول مبارک اندوہناک ہوا تو حقتعالی نی واسطی تفریح اونحضرت کی اس سورہ کو بہیجا قولہ تعالی انا
اعطیناک الکوثر یعنی بتحقیق ہم نی عطا کیا ہم نی تجکو خیر بسیار کہ وہ مراد اولاد اور انکا بے
شمار اور کثرت نسل او ذریت اطہار فاطمہ زہرا علیہا السلام سی ہی یعنی نا ہو اندوہناک
مت کر ہم تجکو کثرت دینگی عقب تیری بیچ نسل تیری کی یہان تک کہ کوئی زمین ورا انکی
کہ فرزند تیری بیچ اوسکی نہونگی اور یہ مشہور ہی کہ بعد از امام معصوم مظلوم ابی عبد اللہ
الحسین صلوات اللہ علیہ وعلی ذریتہ الکرام کی سوای امام زین العابدین کی مرد نسل سی کوئی
باقی نرہا تہا حق جل وعلی نی ایفائی عدہ اپنی کا فرمایا اور نسل اونکی سی عالم کو پر کیا اور
اولاد امجاد انکیکو حد حصر سی متجاوز کیا اور ابو عبد اللہ علیہ السلام سی مروی ہی
هو نهر فی الجنة کوثر ایک نہر ہی بیچ بہشت کی اور عائشہ اور ابن عمر سی مروی ہی
کہ کوثر ایک نہر ہی بیچ بہشت کی اور ابن عباس اور انس سی نقل ہی کہ اگر حضرت رسول
صلی اللہ علیہ وآلہ ساتہہ اصحاب کی بیٹہی تہی ناگاہ اثر وحی کا اوپر آنحضرت کی ظاہر ہوا
سر نیچی جہکایا اور بعد ایکساعت کی سر اوٹہایا اور اوپر منبر کی جاکر فرمایا کہ یا ایہا
الناس جانو تم کہ حقتعالی نی اس سورہ کو طرف میری بہیجا اور بیچ اسکی واسطی میری
نوازش بہت کی لوگون نی کہا کہ یا رسول اللہ وہ سورہ کون ہی حضرت نی اس سورہ
کو اوپر اونکی پڑہا اور فرمایا کہ کچہہ جانتی ہو کہ کوثر کیا ہی کہا لوگون نی اللہ ورسولہ اعلم
آنحضرت نی فرمایا کہ ایک نہر ہی بیچ جنت کی کہ بیچ اوسکی خیر کثیر کا میری رب نی وعدہ کیا
اور وہ خیر کثیر شیر سی زیادہ سفید اور مشک سی زیادہ خوشبو اور شہد سی زیادہ میٹہا اور
برف سی زیادہ سرد اور مسکہ سی زیادہ نرم ہی اور بعد ستارہ ہای آسمان ظرف ہی

جمہ اور طرح اور کنار اوسکی لیکن کی بہی نگی اور مروارید سی نگی اور قبابہ سکی یاقوت اور لعل
اور مرجان سی اور اطراف اوسکی بہی سی اور ریگ اوس نہر کی یاقوت اور مروارید کی
اور بیچ اونکا اصل تحت سدرۃ المنتہی ہی عرض وطول اوسکا مغرب سی مشرق تک ہوگا
جو کوئی پانی اوس سی پی تو ہرگز تشنہ نہوا اور جو وضو کری ہرگز پریشان حال اور گرد آلود
نہوا امت اوپر اوسکی ازدحام اور انبوہ کریگی اور ایک جماعت کو مانند جانور پالوی
دہانی تشنہ باکہدیگی اور وہ درمیان امت میری کی مانند شتران خارشتی کی ہونگی
جب درمیان شتران پرشوکت اور ساتہ شتر کی یکہونگا میں کہونگا اصحابی اصحابی یعنی یہ
اصحاب میری ہین خطاب آویگا کہ تو نہین جانتا ہی کہ انہون نی بعد تیری کیا کیا بدعتین کی ہین
اور اسی روایت کو بعینہ مسلم نی بیچ صحیح اپنی کی نقل کی ہی اور احادیث معراجیہ مین
بہی آیا ہی کہ بالای آسمان ہفتم ایک نہر دیکہی مینی اور کنارہ پر اوسکی خیمی دیکہی مینی یاقوت اور
لولو اور زبرجد سی اور مرغان سبز اوپر اوسکی دیکہی مینی جبرئیل سی پوچہا کہ یہ کیا ہی کہا
کہ یہ جوی کوثر ہی کہ حقتعالی نی تجکو عنایت کیا ہی اور بیچ معالم التنزیل کی بہی یہی روایت
نقل کی ہی اور ساقی اس ہی کی علی بن ابیطالب ہونگی کہ وہ دوستان اپنی کو ساتہہ کمال
فرزند اپنی کی پلاوینگی اور دشمنونکو تشنہ طرف دوزخ کی بہیجینگی اور علی بن الحسین زین العابدین
کہ بیچ اس باب کی چند بیت منقول ہین نحن علی الحوض ذوّادہ نذود ونسعد روّادہ
وما فاز من فاز الا بنا وما خاب من حبنا زادہ ومن سرنا نال منا السرور ومن ساءنا ساء میلادہ
ومن کان غاصبنا حقنا فیوم القیمة میعادہ امام جعفر صادق علیہ السلام سی منقول
ہی کہ کوثر مراد شفاعت آنحضرت سی ہی اور بعضی کہتی ہین کہ [illegible] ذکر اونکا بیچ آسمان [illegible]

دین کی اور سوای اسکی انواع نعم دنیا اور آخرت سی اور بہر قدر جلیل عزوجل نی عطا کی ہی
جب تجہی سب سی بہتر خیر دنیا اور آخرت کی تجکو دی تو بہر اقی کیا رہا **فَصَلِّ لِرَبِّكَ**
وَانْحَرْ پس نماز پڑہ واسطی پروردگار اپنی کی یعنی مداومت کر اوسپر واسطی رضا اوسکی کی ادا
ادای شکر کثرت نعمت اوسکی کی اور نماز کی کہ جامع اقسام شکر ہی اور قربانی شتر کر
بہترین اموال عرب سی ہی اور تصدق کر اوسکو اوپر محتاجون کی واسطی رضای حق تعالی کی
اور واسطی تقرب رحمت اوسکی کی بخلاف مشرکون کی کہ اہل ایتیام کو اوس سی منع کرتی
اور ماعون کو باز رکہتی ہین اور واسطی بتون کی قربانی اونکی کرتی ہین یہہ سورہ بیچ مقابلہ
سورہ متقدمہ کی ہی نقیض سلوک اہل شرک اور اضداد کو اختیار کر عکرمہ سی مروی ہی کہ
مراد صلوۃ فجر ہی بیچ مزدلفہ کی اور نحر کرنا بیچ منی کی اور نزدیک قتادہ اور عطا اور عکرمہ
کی نماز عید ہی بقرینہ نحر کی یعنی نماز عید پڑہ اور قربانی کر اور بعضی کہتی ہین کہ معنی وانحر
کی نماز یومیہ ادا کر اور ساتہہ نحر اپنی کی مستقبل قبلہ ہو مستقبل ہونا نحر کا اوسکی طرف پس ابن عباس رضی
علیہ السلام سی پوچہا معنی نحر کی آنحضرت نی دونو ہاتہہ مونہہ کی برابر لاکی قرأت شروع کی
کی اور بعد اوسکی فرمایا **هٰكَذَا** یعنی اسطرح سی ہی اور مقاتل بن حیان سی منقول ہی
اصبغ بن نباتہ نی حدیث روایت کی ہی امیر المومنین علیہ السلام سی کہ جسوقت یہہ سورہ
نازل ہوا حضرت رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ نی جبرئیل سی پوچہا کہ یہہ نحر کہ حق تعالی نی
واسطی میری کیا حکم ہوا ہی جبرئیل نی کہا کہ وہ نحر نہین ہی مگر حکم کیا واسطی نماز کی جسوقت
تکبیر کہی ہاتہہ اپنی کو اوٹہاوی اور جسوقت رکوع کری تو اور رکوع سی سر اوٹہاوی اور سجدہ
کری تو بیچ سب تکبیر ہاتہہ اوٹہاوی اسطرح سی کہ یہی نماز ہماری اور جمیع فرشتگان کی بیچ ساتون

آسمان کی ہین چاہتا ہی اسی طریق کی ہی اور ہر شی کہ واسطی ہر چیز کی ایک زینت ہی اور زینت نماز
اوٹہانا ہاتہون کا ہی وقت ہر تکبیر کی اور عطا سی مروی ہی کہ معنی آیہ یہہ ہین کہ نماز پڑہ اور سر
رکوع اور سجود سی اوٹہا اسطرح سی کہ سینہ ترا ظاہر ہو **إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ** تحقیق
دشمنی کہنی والا تیرا **الْأَبْتَرُ** یعنی عاص بن وائل ہی وہ بریدہ ہی اور منقطع خیر اور نسل کی ذریت سی اور ایسا ہی
ہوا جیسا کہ حق تعالی نی خبر دی تہی اوسکی نسل واسطی کہ عاص اور اتباع اوسکی کہ بیچ حق حضرت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی یہہ بات کہتی تہی ولادت اوسکی ہی ورنہ حسن کو اونکا لیکن آثار
اقتدار حضرت سید مختار صلوات اللہ علیہ وعلی آلہ الاطہار اور حسن صیت اور نعمتہا
اور آثار فضل بیشمار باقی اور یادگار رہا قیام قیامت قائم اور برقرار رہیگا اور بیچ آخرت
کی عزت مرتبہ اور نہایت قرب اوسکی نزدیک حضرت عزت کی اوپر اوسطرح کی
ہوگی کہ وصف کرنی مین اوسکی اور بیچ وہم کسی سمجہنی والی کی نگذری **تکملہ** مروی ہی اور ثواب نزول
کرتی مین **الْكَوْثَرِ** یہہ حرف مین پر اوسکی صفات سی ستاون ہوتی مین نکلی اوس سی **عبارت**
نَهْرٌ فِي الْجِنَانِ لِحَبِيبِ اللّٰهِ وَوَلِيِّهِ وَأَوْلَادِهِمَا حَقًّا اور جب عبارت اوسکی
ہووی کما لیس ع کی ہین اور مجموع اونکی نہین تو اونکی تو سی ایسا ہی ہوتی مین نکلی اوس سی
عبارت **نَهْرٌ فِي الْجِنَانِ لِآلِ الْعَبَاءِ الْكِسَاءِ حَقٌّ**
سورۃ الکافرون بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مکیۃ
آیاتہا ۶ کلماتہا ۲۶ شروع کرتا ہون میں ساتہہ نام اللہ کی بخشنی والی مہربان کی **حروفہا ۹۴ رکوعہا ۱**
قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ ۝ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ ۝ وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ
کہہ تو ای محمد ای گروہ کفار نہین عبادت کرتا ہون میں اوس چیز کی کہ عبادت کرتی ہو تم اور نہ تم عبادت کرنی والی

جب ثابت ہذہ ہی سعید اور نیک بخت ہی اور شہید مری اور شہید مبعوث ہوا اور ابن عباس
سی مروی ہی کہ بیچ قرآن کی کوئی سورہ ایسی نہین کہ شیطان اوسکو زیادہ تر اس سی دشمن رکھتا ہو مفسرین
اور بہ سکی ہین کہ یہ سورہ بیچ ایک جماعت کی قریش سی نازل ہوا اور سبب نزول اوسکی کا
یہہ ہی کہ قیس بن حارث بن سہمی و عاص بن وائل اور ولید بن مغیرہ اور اسود بن عبد یغوث
زہری اور اسود بن مطلب بن اسد اور امیہ بن خلف اور غیر اونکی صنادید قریش رسول
سی کہتی تہی کہ ای محمد آ تو ساتھ ہمارے موافقت کر اور تابع دین ہمارے کا ہو ہم بہی تابع دین
تیری کی ہین اور تو ایکسال پرستش معبودان ہمارے کی کر تا ہم بہی پرستش معبودون تیری کی ایک
سال تک کرین اور اگر دین تیرا بہتر دین ہمارے سی ہو تو ہم بہی شریک دین تیری کی ہون اور
اوس سی محظوظ ہون اور اگر دین ہمارا بہتر دین تمہارے سی ہو تو شریک دین ہمارے کا ہو حضرت
نی فرمایا معاذ اللہ کہ مین غیر خدا کی پرستش کرون اور سوای خدا کی شریک عبادت
کرون کہا اونہون نی بعضی معبود ہمارے کو استیلام کر اور مس اور تقبیل اوسکی کر تا ہم بہی تصدیق
تیری کرین اور تیری خدا کی بہی پرستش کرین حضرت نی فرمایا کہ مرتکب کسی امر کا نہونگا مین
جب تک کہ فرمان الٰہی طرف میری نازل نہوگا اگر حکم الٰہی بیچ اس باب کی وارد ہوی تو مین تابع
تمہاری ہون بیچ استیلام و تقبیل کی کہ منتظر اس حال کی جبرئیل نازل ہوئی اور یہہ سورہ
قل یا ایہا الکافرون تا آخر لائی قولہ لکم دینکم ولی دین یعنی اوپر تمہاری ہی دین تمہارا
یعنی شرک کہ معتقد اوسکی ہو تم اور اوس سی باز نہوگی تم اور واسطی میری ہی دین اور آئین میرا
یعنی توحید اور اوپر اوسکی قائم ہون مین اور کسیطرح سی اوسی نچہوڑونگا مین ملخص معنی یہہ ہی کہ مین ہون
مبعوث طرف تمہارے کہ طرف دین حق اور راہ نجات کی تمہین بلاتا ہون مین پس اگر قبول نہ کرو تم

مَا اَعْبُدُ ۝ وَلَا اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَا اَنْتُمْ عَابِدُوْنَ

اوس چیز کی کہ عبادت کرونگا مین اور نہ ہم عبادت کرنیوالی ہین اوس چیز کی کہ عبادت کی جاتی ہی

مَا اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ ع

اوس چیز کی کہ عبادت کرتا ہون مین واسطی تمہارے ہی دین تمہارا اور واسطی ہمارے ہی دین ہمارا
ابی بن کعب نی سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ سی روایت کی ہی کہ جو سورہ کافرون پڑہی
ایسا ہو کہ گویا ربع قرآن پڑہا ہو اور مردود ہوتی شیاطین اوس سی اور دور ہوتی ہین اور شرک سی پاک ہی
اور فزع اکبر سی امن پاتا ہی جبیر بن مطعم سی روایت ہی کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ نی فرمایا کہ ای
جبیر جانتا ہی تو کہ بیچ سفر کی ہوی تو اور سب اقرانون بیچ پناہ خدا کی ہوی تو اور حیثیت اور ہیات
تیری سب ہمراہیون سی زیادہ ہو اور کثرت مال مین بہی سب سی زیادہ ہو کہا مین نی ہان کیا ہی حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ نی فرمایا کہ یہہ سورہ ورد اپنا کر اور سورہ اذا جاء نصر اللہ اور قل ہو اللہ احد
اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس معہ بسم اللہ ساتھ سورہ کافرون کی ورد
اپنا کر جبیر نی کہا کہ مین مال چندان نہ رکہتا جب سی کہ ان سورون کو ورد کیا ہو حیثیت کی مین مال اور زاد
میرا زیادہ ہوا اور سفر مین بہی محتاج کسیکا نہوا مین اور ہیبت اور سطوت میری سب سی
زیادہ ہوی ابو عبد اللہ علیہ السلام سی مروی ہی کہ قل یا ایہا الکافرون ربع قرآن ہی
اور جسوقت کہ قرات اوسکی سی فارغ ہوتی تہی تو کہتی تہی اعبد اللہ وحدہ اعبد
اللہ وحدہ اور یہی مروی ہی حسن بن علاء سی کہ جو قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ احد
بیچ فریضہ کی قرات کری تو حقتعالی اوسکو اور پدر اور مادر اور اولاد اوسکو بخشی
اور اگر شقی ہو تو اسم اوسکا دیوان اشقیا سی محو کرینگی اور بیچ دیوان سعدا کی لکہینگی

نہیں کرتی ہو اور تابع بن میرکی نہیں ہوتی ہو تو مجکو اور رجال میری کی چہوڑ دو اور طرف شرک
کی مت بلاؤ وجانو تم کہ یہ سورہ متضمن اعجاز حضرت رسالت ہی بسبب واقع ہونی اخبار او عاقبت
وہ ایمان نہ لاتا اور جماعت مذکور کا اور مرنا اونکا اوپر ہیئت کفر کی ہی اور حضرت صلعم نی اس سورہ کو
بیچ مسجد حرام کی اوپر جماعت قریش کی پڑہا اور وہ جماعت واسطی اونکی

سورۃ النصر بسم اللہ الرحمن الرحیم مدنیۃ

آیاتہا کلماتہا شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ بخشش والے مہربان کی حروفہا رکوعہا

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَيْتَ النَّاسَ
جسوقت آتی نصرت خدا کی اور فتح مکہ کی اور دیکہا تو نے آدمیوں کو
يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ
کہ داخل ہوتی ہیں بیچ دین خدا کے فوج فوج پس تسبیح کر ساتھ حمد
رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝ ع
